ﷺ نے علماء کوان کے دفاع اور فتنوں کی سرکوبی کی طرف اپنے ایک فرمان میں حکم فرمایا ہے۔امت کے لیے جس طرح رسول کریم ﷺ کی مقدس ذات نمونہ ہے اسی طرح امت مسلمہ کی عورتوں کے لیے ازواجِ مطہرات کی حیات طیبہ بھی نمونہ ہے۔اُم المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی عظمت اور دفاع پر مولانا محمد ندیم قاسمی صاحب نے قرآن اور عائشہ صدیقہؓ کے عنوان سے سہل اسلوب کے ساتھ ساتھ عام فہم انداز میں یہ کتابچہ تحریر فرمایا ہے۔جس میں تیمّم کا حکم ،مفہٰ ،طریقہ ،آیات برات،غزوہ بنی مصطلق ،واقعہ افک اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مختصر حالات وخصوصیات پر انتہائی مختصر اور جامع معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

● کتاب: تذکرہ شہداء بالاکوٹ مؤلف: مولانا قاضی محمد اسرائیل گڑنگی

ضخامت:۹۶صفحات قیمت:۳۰روپے

ناشر: مکتبہ انوارِ مدینہ، جامع مسجد صدیق اکبرؓ محلّہ صدیق آباد (اپر چنئی)۔مانسہرہ صوبہ سرحد

شہداء بالاکوٹ اہل سنت والجماعت کے عظیم سپوت ہیں جو مسلکاً حنفی تھے۔یار لوگوں نے جب ان کی عظمت کو اہل سنت والجماعت کے دلوں میں محسوس کیا تو انہوں نے اپنا قد بڑھانے کے لیے شاہ محمد اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف پروپیگنڈا شروع کردیا کہ وہ بھی ہمارے گروہ غیر مقلدین میں سے تھے۔مولانا قاضی محمد اسرائیل گڑنگی صاحب نے تذکرہ شہداء بالاکوٹ نامی کتابچہ میں حضرت سید احمد شہیدؒ اور شاہ اسماعیل شہیدؒ کے مسلک اور حالات کو مستند حوالوں سے تحریر کیا ہے۔انہوں نے ثابت کیا ہے کہ دونوں حضرات امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مقلد تھے۔علماء پشاور کے نام حضرت سید احمد شہید کا مکتوب جس میں انہوں نے اپنے حنفی المسلک ہونے کا اعلان فرمایا' کافی وشافی ہے۔

● کتاب: فضائل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ مؤلف: ابوالحسن میاں محمد محبوب الٰہی رضوی

ضخامت: ۵۶صفحات قیمت:۲۵روپے ناشر: میاں امام دین (ٹرسٹ) مکتبہ اسلامیہ ۵ڈی سبزہ زار۔لاہور

جانشین پیغمبر خلیفہ اوّل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ذات کا مرتبہ اور مقام تو نہایت بلند وبالا ہے اللہ تعالیٰ نے اس ذات قدسی صفات کو مصدّقِ خاتم الانبیاء ﷺ بنا کر انبیاء والا کام لیا۔ان کی ذات والا صفات کے فضائل ومناقب پر بے پناہ لکھا گیا ہے۔میاں محبوب رضوی صاحب نے بھی ''فضائل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ'' کے نام سے موسوم کتاب لکھ کر ان سعادت مندوں میں نام شمار کرالیا۔اسلوب دل نشین اور سادہ ہے۔میاں محبوب رضوی صاحب کا تعلق جمعیت علماء پاکستان سے ہے۔مولانا شاہ احمد نورانی ؒ کی قیادت میں قومی ودینی تحریکوں میں حصہ لیتے رہے ہیں۔

● کتاب: امام اعظم حضرت ابوحنیفہؒ مؤلف: ابوالحسن میاں محمد محبوب الٰہی رضوی

ضخامت: ۷۸صفحات قیمت:۱۵روپے ناشر: میاں امام دین (ٹرسٹ) مکتبہ اسلامیہ ۵ڈی سبزہ زار۔لاہور

امام اعظم حضرت ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کے فضائل ومناقب پر ہر دور میں کثرت سے کتابیں لکھی گئیں۔امت